# PROVINCIAL ASSEMBLY OF KHYBER PAKHTUNKHWA

Phone No. 091-9210489-(Ext:) 1267
Fax No. 091-9210258

## LIST OF ADMITTED CALL ATTENTION NOTICES (9th Session)

**Notice No.** 653

**Department** Elementary & Secondary Education

توجہ دلاؤ نوٹس نمبر 653

منجانب:۔ جناب عبید الرحمان رُکن صوبائی اسمبلی

میں وزیر برائے محکمہ ابتدائی وثانوی تعلیم کی توجہ ایک اہم مسئلے کی طرف مبذول کرانا چاہتا ہوں وہ یہ کہ سال 2010 میں میرے حلقہ تحصیل منڈہ، ضلع دیر لوئر کے علاقے منڈہ اور میاں کلی میں دو گرلز ہائیر سیکنڈری سکولز تعمیر کیے گئے تھے۔ گزشتہ 14 سالوں سے مذکورہ سکولوں کی عمارتیں مکمل طور پر تیار ہونے کے باوجود اب تک ان میں کلاسوں کا آغاز نہیں کیا گیا۔ جس کے باعث علاقے کی سینکڑوں طالبات اعلیٰ تعلیم سے محروم ہیں یا انہیں دیگر علاقوں کا سفر کرکے تعلیم مکمل کرنا پڑتی ہے، جس سے انہیں شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ لہٰذا صوبائی حکومت ان دونوں سکولوں میں فوری طور پر اساتذہ کی تعیناتی اور تدریسی سرگرمیوں کا آغاز یقینی بنائے تاکہ علاقے کی بچیوں کا مزید وقت ضائع نہ ہو اور انہیں تعلیم کے مساوی مواقع میسر ہو سکیں۔